جبریل علیہ السلام ریشم کے سبز ٹکڑے میں عائشہ رضی اللہ عنہا کی تصویر لے کر نبی کی خدمت میں آئے اور فرمایا: یہ دنیا اور آخرت میں آپ کی بیوی ہیں

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جبریل علیہ السلام ریشم کے سبز ٹکڑے میں ان (عائشہ رضی اللہ عنہا) کی تصویر لے کر نبی کی خدمت میں آئے اور فرمایا: یہ دنیا اور آخرت میں آپ کی بیوی ہیں

[صحیح] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے]

جبریل علیہ السلام خواب میں نبی ﷺ کے پاس آئے ان کے ساتھ سبز رنگ کے ریشمی کپڑے کے ٹکڑے میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی تصویر تھی یہاں مراد خواب میں آنا ہی ہے؛ حقیقت میں نہیں جبریل علیہ السلام نے نبی ﷺ سے کہا کہ یہ وہ عورت ہے جو دنیا و آخرت میں آپ کی زوجہ ہوگی

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/11177